
# danalogic Extend کے لیے
# پتلی ٹیوبز کی صفائی اور تبدیلی


**صفائی کرنا**

سب سے پہلے، آپ پتلی ٹیوب اور ڈوم کو گیلے کپڑے کی مدد سے صاف کر سکتے ہیں۔ اگر پتلی ٹیوب ویکس یا دیگر گند کی وجہ سے بند ہو گئی ہے، تو اسے آلہ سماعت سے احتیاط سے کھینچ کر ایسے الگ کریں کہ پوری ٹیوب آلہ سماعت سے الگ ہو جائے۔


1. اس کے بعد، ڈوم کو ٹیوب کے آخری سرے سے کھینچ کر الگ کر دیں۔




2. اب، پتلی ٹیوب کا اوپری سرا جو آلہ سماعت سے منسلک ہوتا ہے وہاں تک صفائی والی تار دھکیلیں۔ صفائی والی تار کو ٹیوب میں مکمل طور پر ہلائیں تاکہ اس میں موجود کوئی بھی گرد و غبار اچھی طرح نکل جائے۔




3. اب، ڈوم کو دوبارہ پتلی ٹیوب کے ساتھ دھکیل کر لگائیں۔



4. ڈوم کے نچلے حصے کو احتیاط سے اٹھا کر چیک کریں کہ ڈوم محفوظ ہے، اور اس بات کی تصدیق کریں کہ کالر پتلی ٹیوب کے آخری کٹے ہوئے حصے پر مکمل طور پر پوری آ گئی ہے۔



5. آخر میں، پتلی ٹیوب کو دوبارہ اس وقت تک آلہ سماعت کی جانب دھکیلیں کہ جب تک وہ مضبوطی سے اپنی جگہ پر جڑ نہ جائے۔



## تبدیل کرنا

اگر آپ پتلی ٹیوب تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو اس کو آلہ سماعت سے بالکل الگ کر دیں اور ایک نئی ٹیوب لگائیں، یقینی بنائیں کہ یہ مضبوطی سے اپنی جگہ پر جڑ گئی ہو۔ اوپر دی گئی ہدایات کو فالو کریں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ نیا ڈوم درست طریقے سے پتلی ٹیوب پر پورا آ گیا ہے۔

مزید معاونت کے لیے، QR کوڈ اسکین کریں یا درج ذیل ویب سائٹ پر ہمارا معاونتی پورٹل برائے مریض ملاحظہ کریں: **danalogic.co.uk/patient-portal**